نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان کا ڈیرہ غازی خان ڈویژن میں جیننگ فیکٹریوں اور فیلڈ میں کپاس کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے دورہ

لاہور14اگست 2023(   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی ہدایات پر ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پنجاب محمد شبیر احمد خان نے ڈیرہ غازی خان ڈویژن میں جیننگ فیکٹریوں میں پھٹی کی آمد کے ریکارڈ، معیار اور فیلڈ میں کپاس کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے ڈیرہ غازی خان، کوٹ چھٹہ، داجل، جام پور اور فضل پور کا دورہ کیا۔ اپنے اس دورہ کے دوران ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان نے کپاس کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا اور کاشتکاروں سے ملاقات کے دوران انہیں ضرر رساں کیڑوں کے خلاف محکمہ زراعت کے مقامی عملہ کے مشورہ سے زرعی ادویات کے استعمال کی ہدایت کی۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ کپاس کی فصل نازک مرحلہ میں ہے۔ خاص طور پر آئندہ دو ہفتے کپاس کی مینجمنٹ کے اعتبار سے اہم ہیں۔ زراعت توسیع کا عملہ کپاس کی پیسٹ سکاؤٹنگ، سرویلنس اور ضرر رساں کیڑوں کے حملہ کے بروقت کنٹرول کے ساتھ پودوں کی غذائی ضروریات کے مطابق کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کیلئے اُن کے شانہ بشانہ شریک ہوگا۔ ایک سوال کے جواب میں انھوں نے کہا کہ جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے مافیا کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جا رہا ہے اور اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دی جا رہی ہے۔ حکومت پنجاب جعلی زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کے اصول پر عمل پیرا ہے اور اس کاروبار کی بیخ کنی کیلئے تمام ممکنہ کاروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں۔ اس ضمن میں محکمہ زراعت ٹھوس شواہد کی بنا پر ملزمان کے خلاف ہر سطح پر اپنی کاروائی جاری رکھے ہوئے ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر کوئی جعلی زرعی ادویات کی فروخت میں ملوث پایا جائے تو کاشتکار اس کی فوری اطلاع دفتری اوقات میں فون نمبر 042-99202153 پر کریں یا ضلعی انتظامیہ/مقامی زراعت کے عملہ سے رابطہ کریں تاکہ اُن کی شکایت کا قانون کے مطابق ازالہ کیا جا سکے۔ ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب نے فیلڈ وزٹ کے دوران مقامی زراعت کے عملہ کو کاشتکاروں سے رابطہ مزید مربوط کرنے اور کپاس کی صورتحال کے مطابق بروقت ایڈوائزری کاشتکاروں کی دہلیز تک پہنچانے کی ہدایات کیں۔ انھوں نے کہا کہ کپاس کی پیداوار میں اضافہ ملکی معیشت پر براہ راست اثر انداز ہوتا ہے۔ زراعت توسیع کا عملہ

☆☆☆☆